سوال

(633) محاذ پر ڈیوٹی کے دوران دشمن کی گولی سے مارا جانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(1) پاکستان آرمی یعنی افواج پاکستان میں شمولیت کے بعد اگر کوئی آدمی مارا جائے تو کیا وہ شہید کہلائے گا اور اس کے لیے انعامات کا کیا حکم ہے اس آدمی کی موت ٹریننگ کے دوران بھی ہوسکتی ہے اور دشمن کی گولی سے بھی ۔

(2) ایک آدمی پاکستان آرمی میں آفیسر ہے اور اس کی ڈیوٹی سیاچن کے محاذ پر لگ گئی ہو اور وہ دشمن کی گولی سے مارا جائے تو کیا یہ شہید ہے اور دشمن بھی ہندو ہو۔ سیاچن کے بارے میں معلوم کریں یہ ۲۶ ہزار فٹ کی بلندی پر واقع ہے اور اس کا درجہ حرارت صفر ڈگری سے بھی کم ہوتا ہے ۔ براہ کرم اس سوال کا جواب مفصل اور قرآن وحدیث کی روشنی میں دیں ۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ وہ وہاں سردی کی وجہ سے مر جائے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(1)معاملہ نیت پر منحصر ہے رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے :

«إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ» متفق علیہ

(2)اس کا جواب نمبر ۱ میں بیان ہوگیا ہے کہ معاملہ نیت پر منحصر ہے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل

جہاد وامارت کے مسائل ج1ص 453